دارُ الافتاء اہلسنّت (دعوتِ اسلامی)
Dar-ul-ifta Ahl-e-sunnat

ریفرینس نمبر: Lar 8129

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

تاریخ: 18-12-2018

ویڈیو پر ناجائز ایڈز لگوانے کا حکم

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ ویڈیوز شیئرنگ کی ایک ویب سائٹ (یوٹیوب) پر لوگوں کو اپنے چینل بنانے کی سہولت دی جاتی ہے اور چینل والے کو یہ آپشن دیا جاتا ہے کہ اس کی اجازت سے اس کی ان ویڈیوز پر جو زیادہ دیکھی جاتی ہوں، ایڈز (اشتہارات) لگائے جاتے ہیں۔ یہ ایڈز ایسی چیزوں اور پروڈکٹس کے بھی ہوسکتے ہیں، جو اسلام میں حرام و ناجائز ہوں۔ اس میں کیٹیگری کی تو تعیین ہو سکتی ہے، لیکن مواد کی نہیں کہ جس میں میوزک، بے پردگی اور بے حیائی شامل ہو سکتی ہے، تو یہ ایڈز لگانے کی اجازت دینا جائز ہے یا نہیں؟

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ہماری شریعت اسلامیہ کے مہذّب و مذہّب (یعنی سنہری) اصول و ضوابط گناہوں کا مکمل انسداد اور روک تھام کرتے اور بدی کے لیے کوئی رخنہ باقی نہیں چھوڑتے۔ ان سنہری اصولوں میں سے ایک یہ بھی ہے کہ گناہ کرنا، تو دور کی بات اس پر رضامندی اور اس میں تعاون بھی ناجائز ہے۔ سوال میں بیان کی گئی صورت میں اپنی ویڈیوز اس بات کے لیے پیش کرنا کہ اس پر چاہے، تو بے پردگی، بے حیائی، میوزک اور مقاصدِ شریعت کے خلاف امور پر مشتمل ناجائز ایڈز بھی لگائیں، یہ یقیناً گناہ پر رضامندی اور اس میں تعاون ہے، لہٰذا یہ عمل شرعاً ناجائز ہے۔

قرآن مجید میں ہے:﴿وَلَا تَعَاوَنُوۡا عَلَی الۡاِثۡمِ وَالۡعُدۡوَانِ وَاتَّقُوا اللّٰہَ اِنَّ اللّٰہَ شَدِیۡدُ الۡعِقَابِ﴾ ترجمہ کنز الایمان: ”اور گناہ اور زیادتی پر باہم مدد نہ دو اور اللہ سے ڈرتے رہو۔ بیشک اللہ کا عذاب سخت ہے۔“

(پارہ 6، سورۃ المائدہ، آیت 2)

اس آیت مبارکہ کی تفسیر میں احکام القرآن للجصاص میں ہے: ”نھی عن معاونۃ غیرنا علی معاصی اللہ تعالی“

یعنی اللہ عزوجل کی نافرمانی پر دوسرے کی معاونت ممنوع ہے۔

(احکام القرآن للجصاص، جلد3، صفحہ296، دار احیاء التراث العربی بیروت)

محیط برہانی میں ہے: "الاعانة علی المعاصی والفجور والحث علیھا من جملة الکبائر" یعنی گناہ اور فسق وفجور پر مدد کرنا اور اس پر اُبھارنا بھی کبیرہ گناہوں میں سے ہے۔

(المحیط البرھانی فی الفقہ النعمانی، جلد8، صفحہ312، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

واللہ أعلم عزوجل ورسولہ أعلم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

المتخصص فی الفقہ الاسلامی

ابو رجا محمد نور المصطفی عطاری مدنی

10 ربیع الآخر 1440ھ/18 دسمبر 2018ء

الجواب صحیح

محمد ہاشم خان عطاری مدنی

خوفِ خدا و عشقِ مصطفٰے کے حصول کیلئے ہر ہفتے کو عشا کی نماز کے بعد امیر اہلِ سنّت کا مَدَنی مذاکرہ دیکھنے سننے اور ہر جُمعرات مغرب کی نَماز کے بعد عاشقانِ رسول کی مَدَنی تحریک، دعوتِ اسلامی کے ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع میں بہ نیتِ ثواب ساری رات گزارنے کی مَدَنی التجاء ہے

نوٹ! دارالافتاء اہلسنت کی جانب سے وائرل ہونے والے کسی بھی فتوے یا تحریر کی تصدیق دارالافتاء اہلسنت کے آفیشل پیج daruliftaahlesunnat کے ذریعے کی جاسکتی ہے۔